لوگ کیسے سیکھتے ہیں؟

پورٹ فولیو سے متعلق سرگرمی (Portfolio Activity): نیچے دیے گئے تمام سوالات سے متعلق چند سطریں یا ایک پیرا گراف لکھیں۔

1. آپ کے اپنے تجربے یا مشاہدے کی روشنی میں بتائیے کہ کس قسم کے طلبہ کو پڑھانا آپ کے لیے سب سے زیادہ مشکل اور چیلنج بھرا ہوتا ہے؟ اور کیوں؟
2. ٹی پی آئی (TPI: Total Physical Interaction) کس طرح سے ہر قسم کے سیکھنے والوں کی ضرورت کو پورا کرتی ہے؟
3. ماڈل کو ذہن میں رکھتے ہوئے بتائیے کہ آپ اخفاء کا قاعدہ کیسے سکھائیں گے؟
4. خود اپنے آپ کو، اپنے دوستوں کو اور اپنے گھر والوں کو پہچانیے کہ کون Visual ہے، کون Auditory، اور کون Kinesthetic ہے، اور پھر اُس کی وجوہات بھی لکھیے۔ کیا اِن میں سے کوئی ایسا بھی ہے جسے آپ نہیں پہچان سکے ہیں؟ نیز بتائیے کہ نفسیات سے متعلق آپ کی معلومات کس طرح سے آپ کے ذاتی رشتوں کو بہتر بنا سکتی ہے؟
5. نفسیات سے متعلق معلومات کا ہونا کیسے استاد اور طالب علم کے والدین اور استاد اور طالب علم کے درمیان رشتوں کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے؟

پروجیکٹ:

1. ایک ٹیچر کا اپنے طلبہ کے لیے پہلے دن کا استقبالیہ خطاب کیا ہوگا، لکھیے۔
2. ایک تقریر یا مضمون لکھیے کہ ایک کم عمر یا نوجوان بچے کو کس طرح سمجھایا جائے کہ قرآن آسان ہے۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں اوپر بیان کیے گئے تمام نظریات اور معلومات کو استعمال کیجیے۔